آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
نظامت خوراک
ڈی - 151 سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

☆☆☆☆

ٹینڈر نوٹس:

محکمہ خوراک آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کو مالی سال 19-2018ء کے بقیہ عرصہ کے لئے بذیل اسٹیشن ھاء پر اجناس کی ڈھلائی کیلئے محکمہ کے رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے مالی سال 18-2017ء کے لئے تجدید کروائی ہے، سے مطبوعہ فارموں پر انراخ مطلوب ہیں:۔

نمبر شمار	ازمقام	تا مقامات
1	پنجاب میں واقع پاسکو کے پی آر سنٹرز۔	نیوفائن فلور ملز میر پور
2	نیوفائن فلور ملز میر پور	ہول سیل ڈپو اسلام گڑھ

متذکرہ بالا مقامات کیلئے مقررہ زربیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ جس کی تفصیل نظامت خوراک راولپنڈی سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہے، کے ساتھ ٹینڈر سربمہر لفافہ میں مورخہ 12 فروری 2019ء بوقت 11-30 بجے دن تک نظامت خوراک D-151 نزد کمرشل مارکیٹ سٹلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی کوموصول ہونے چاہئیں، جو اُسی روز ٹینڈرز دہندگان یاان کے مجاز نمائندگان کی موجودگی میں 12-00 بجے دن کھولے جائینگے۔ پنجاب سے نیوفائن فلور ملز میر پور کے لیے انراخ فی ٹن فی کلومیٹر کی بنیاد پر جبکہ دیگر مقام کے لیے کل فاصلہ کی بنیاد پر فی کلوگرام کے حساب سے نرخ دینا ہونگے۔ کامیاب ٹینڈرز دہندگان کو ٹھیکہ کی مالیت کے دس فیصد بطور زرضمانت تحت مروجہ ہدایات جمع کروانی ہوگی۔

شرائط:

1۔ متذکرہ ٹھیکہ جات میں سے پنجاب تا نیوفائن فلور ملز میر پور کیلئے صرف **"اے کلاس"** ٹھیکیداران ہی ٹینڈر دینے کے اہل ہونگے جبکہ دیگر ٹھیکہ جات کیلئے بھی ٹھیکیداران اپنی حد مالیت کے اندر رہتے ہوئے نرخ دینے کے اہل ہونگے۔ اس سلسلہ میں مفصل شرائط ٹینڈرز نظامت خوراک سے حاصل کی جاسکتی ہیں جن پر کلیتاً عمل کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی۔

2۔ ٹھیکیدار کی جانب سے ٹینڈرز **"ایک مرحلہ ایک لفافہ"** کی بنیاد پر ہوں گے۔

3۔ پاسکو زون ھاء کے جس سینٹر سے بھی گندم مختص ہوگی، اس کی ترسیل کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔

4۔ محکمہ اپنی ضرورت کے مطابق اجناس کی ترسیل کے لئے پروگرام جاری کرے جس کے مطابق مطلوبہ مقدار کی ڈھلائی کامیاب ٹینڈر دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ عدم تعمیل کی صورت میں معائدہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

5۔ متذکرہ بالا ٹھیکہ کی معیاد اختتام مالی سال یعنی 30 جون 2019ء تک ہوگی۔ تاہم اس ٹھیکہ میں توسیع صرف محکمانہ ضرورت کے مطابق ہی ممکن ہوسکے گی۔ جس کے لئے ٹھکیدار کو علیحدہ توسیع نامہ جاری کیا جائے گا۔

6۔ ٹھیکیداران کو متعلقہ ترسیلی مقام پر وزن کر کے بعد از اطمینان اجناس وصول کرنا اور منزل مقصود پر وزن کر کے ہی پورے سٹاکس مہیا کرنا ہوں گے۔ اس میں ہر قسم کی کمی کی ذمہ داری ٹھیکیدار متعلقہ کی ہوگی۔ جس کیلئے اس کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کمی کو اس نے بہر صورت محکمہ کے فیصلہ کے مطابق پورا کرنا ہوگا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو گراس وزن (خالی بوری کا وزن شامل کرتے ہوئے) اسکے مطابق ڈھلائی چارجز کی ادائیگی جملہ مروجہ ٹیکسز کی وضعگی کے بعد عمل میں لائی جائیگی۔

8۔ ٹھیکہ کے عرصہ کے دوران ڈیزل/پٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے اتار چڑھاو کی بنیاد پر منظور شدہ انراخ ڈھلائی میں کسی قسم کا کوئی مفاد نہیں دیا جائے گا۔

9۔ کامیاب ٹینڈر دہندگان کو فوری طور پر محکمہ کے ساتھ معائدہ نامہ کرنے کے ساتھ ساتھ ٹھیکہ کی مالیت کا دس فیصد بطور زرضمانت جمع کروانا ہوگی۔

10۔ زرضمانت کی واگزاری/واپسی ٹھیکہ کی تکمیل پر متعلقہ ٹھیکیدار کی طرف سے عدم اعتراض سرٹیفکیٹ کی فراہمی پر ہی ہوسکے گی۔

11۔ افسر مجاز کو اختیار ہوگا کہ وہ آزاد جموں وکشمیر پیپرا (PPRA) رولز کے مطابق کسی ایک یا جملہ ٹینڈرز کو مسترد کردے۔

ناظم خوراک

23/11/19